سوال نمبر 7119

منجانب: محترمہ جناب ریحانہ اسماعیل صاحبہ، ایم پی اے،

کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	نمبر شمار	جواب
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی منصوبہ میں سائیکل ٹریک بنایا گیا ہے؟	(الف)	جی ہاں۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ ٹریک کل کتنے کلومیٹر ہے اور کہاں تک تعمیر ہوا ہے اور کہاں سے کہاں تک تعمیر نہیں ہے نیز جس جگہ پر ٹریک تعمیر نہیں ہے اسکی وجہ کیا ہے اور اسکی تعمیر کب تک ہوگی تفصیل فراہم کی جائے۔	(ب)	ریچ-1: کل لمبائی 7200 میٹر ہے۔ جسمیں 500 میٹر کا کام باقی ہے (انٹری اور ایگزیٹ پر) اس پر سٹے آرڈر لیا گیا ہے۔ ریچ-2: کل لمبائی 1950 میٹر ہے۔ 1525 میٹر کا کام مکمل ہے۔ جبکہ 225 میٹر باقی ہے۔ نامکمل ہونے کی وجہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے پاس چڑھنے کیلئے جگہ چاہیے۔ سائیکل ٹریک سے اترنے والی ریمپ اور ریلوے ٹریک کراسنگ پر کام باقی ہے۔ جس کے لئے ریلوے انتظامیہ سے ابھی تک اجازت نہیں ملی۔ ریچ-3: کُل لمبائی 13983 میٹر ہے۔ جسمیں آدھا کام ہوا ہے۔